Green Island Foundation School
(A Project of GIT®)

*For a Better Tomorrow!*

Issue 11 | JAN' 2020

# AKKAS عکّاس

محمد علي فاطمة الحسن الحسين السجاد الباقر الصادق الكاظم الرضا الجواد الهادي العسكري المهدي

## 14TH ANNUAL PROGRAMME & 4TH CONVOCATION








Green Island
Foundation School
( A Project of GIT® )

*For a Better Tomorrow!*

# OUR VISION

To foster a stimulating learning environment which actualizes individual potential, caters academic, creative, personal, physical, moral & most importantly spiritual development & ensures that all students are nurtured to meet the challenges of the world and the hereafter.



# WHAT IS INSIDE?



## مجالس عشرۂ اول

جس نے بھی امام حسینؑ کو یاد کیا اور یاد آتے ہی اس کی آنکھ میں مچھر کے پر کے برابر آنسو آجائے تو اس کا ثواب خدا کے اوپر ہے۔ اور خدا ایسے شخص کے لئے جنت سے کم پر راضی نہیں ہوتا۔ (امام جعفر صادقؑ)۔

Details on page 04



## 14th Annual Programme

GIFS 14th Annual Programme was specially dedicated to our 14th Masoom Hazrat Imam Mehdi (a.t.f.s.).

Details on page 14



## Table Tennis Tournament

Alhamdo Lil...! Our team successfully defended their title of Champions in Inter-school Table Tennis Tournament (2019) organized by BSEK.

Details on page 11



## Paramount Book Fair

Every year, visit to Paramount Book Fair is one of the set practices of GIFS students to quench the thirst of book love.

Details on page 07



## Colour Days

Colours stimulate imagination and creativity, thus colour days are well established at GIFS.

Details on page 20



## Parent Teacher Meeting (PTM)

PTM develops mutual collaboration for the ideal development of students' potential.

Details on page 08

Green Island
Foundation School
(A Project of GIT®)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

کیا حال چال ہیں۔ جی جناب! سردی کا موسم تو بڑے دھوم دھام سے آیا ہوا ہے اوراس بار تو اس نے حد ہی کر دی ہے۔ بلکہ سردی تو مذاق مذاق میں سیریس ہی ہو گئی ہے۔

لیکن مزے بھی تو آتے ہیں نہ اس موسم میں جب امی گرما گرم کورن سوپ پلاتی ہیں۔ بھئی اسی لئے تو ہم کہتے ہیں کہ یہ سارے بدلتے موسم ہم سے تقاضہ کرتے ہیں کہ ہم اپنے خالق کا شکریہ ادا کریں جس نے ہمارے لئے اتنے خوبصورت موسم بنائے۔

جنابِ زہراءؑ کی شہادت کے ایام بھی ہیں۔ ضرور مجالسِ عزاء میں شرکت کریں اور بی بیؑ کی مظلومیت پر بھرپور طریقے سے اپنے غم اور دکھ کا اظہار کریں۔

چلیں ایک بار پھر آپ کا اپنا رنگ برنگا عکاس آپ کی خدمت میں حاضر ہے۔

اب تو آپ کو معلوم ہو ہی گیا ہے نا کہ آپ کے خطوط بھی شامل ہو رہے ہیں تو پھر دیر کس بات کی ہے؟ جلدی سے قلم اٹھائیں اور ہمیں بتائیں کہ اسے اور بہتر سے بہتر کیسے بنایا جا سکتا ہے؟؟

خوش رہیں۔ آپ کا اپنا

ایڈیٹر

# Letter to the Editor



Dear Editor,
AoA! I am very grateful to you and the management of GIFS that has published school magazine. It is a very good initiative for us. Many students are creative and get an opportunity to publish their writings in this magazine. I love the art gallery. May God bless you as you are working hard for the students.
Thanks
**Mujtaba Ali, Class X A**

Dear Editor,
AoA! It is very impressive to have our own school magazine. I have a suggestion and that is, I think you should add more brain teasers in Akkas because I have seen children opening it to see the front cover and drawings. Healthy mind games will not only grab more attention but would also engage students in skillful activities. I look forward to many more activities for mind power.
**Aleena, Class VI C**

Dear Editor,
AoA! I really like our Akkas magazine and I'm grateful to the dedicated members for it. I like it because of its interesting reports and stories written in English with rich vocabulary. The report on recycling activity and its concept was a good read. I would love to see more DIYS fun activities in it.
**Insia Fatima, Class IX D**

Dear Editor
I am one of the regular reader of our school magazine. It is the best magazine that is distributed to students for free. I like thematic project, but the art gallery is the most favorite part of mine. I like to see different creativities of students. I also like to read stories and jokes. The stories are interesting and have a moral too. At last, I would request to add some more moral and funny stories.
**Maryam Zehra, Class VIII C**

# مجالسِ عزا





یہ بات تسلیم شدہ ہے کہ عزاداریٔ امام حسینؑ جہاں سرمایۂ حیات ہے وہاں بہترین عبادت الٰہی بھی ہے اور یہی عبادت تقاضائے عاقبت بھی ہے۔ اس بہترین عبادت کی انجام دہی کے لئے گرین آئی لینڈ فاؤنڈیشن اسکول کی جانب سے گزشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی طلبہ و طالبات کے کیمپسز میں محرم الحرام میں عزاداریٔ امام حسینؑ کی مناسبت سے عشرۂ مجالس کا انعقاد کیا گیا۔ان مجالس میں مقررین نے اہلِ بیتؑ کے فضائل و مصائب کا تذکرہ کیا اور اس عظیم عبادت کو کامیابی کی کنجی قرار دیا۔ طلبہ و طالبات نے اپنے اپنے کیمپسز میں عزاداری کے دوران نوحہ خوانی وسینہ زنی کے ندرانے پیش کئے۔

عشرۂ ماہِ محرم کے آخر میں گرلز کیمپس میں تابوتِ سید الشہداءؑ اور بوائز کیمپس میں جلوسِ عزا برآمد کرنے کی رسم کو نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ ادا کیا گیا۔اسکول انتظامیہ کی طرف سے طلبہ و طالبات کے لئے سبیلِ امام حسینؑ اور نیازِ امام حسینؑ کا انتظام کیا گیا۔ دعا ہے کہ جب تک ہماری سانسوں میں سانس ہے ہم امامِ مظلومؑ کے غم میں اشک فشاں اور ماتم کناں رہیں۔(آمین)۔


















بے شک فرشِ عزا بچھانا اور مجالس و ماتم برپا کرنا ہمارا سرمایہ حیات ہے۔ گرین آئی لینڈ فاؤنڈیشن اسکول میں ہر سال کی طرح اس سال بھی مختلف ایامِ شہادت میں مجالسِ عزا منعقد کی گئیں۔ اس موقع پر تمام کیمپسز میں اساتذہ اور علمائے کرام نے امام سجادؑ، امام علی رضاؑ اور امام حسن عسکریؑ کے حالات زندگی اور شہادتوں پر گفتگو کی۔ اس کے علاوہ ماہِ صفر کے مہینے میں جناب سکینہؑ، اور شہدائے کربلاؑ کے چہلم کے موقع پر بھی فرشِ عزا بچھایا گیا جس میں تمام طلبہ نے عقیدت واحترام کے ساتھ شرکت کی اور گریہ و ماتم کرکے عقیدتوں کا ندرانہ پیش کیا۔ خداوند متعال ہم سب کی توفیقات میں اضافہ کرے اور ہم سب کو صحیح شیعیان اہلِ بیتؑ بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)۔

# مجالسِ عزا

## منجانب: طلبہ وطالبات





اربابِ عقل ودانش سے یہ حقیقت مخفی نہیں کہ مجلسِ عزا و ماتمی جلوس نہ صرف یہ کہ بہترین عبادت الٰہی ہے بلکہ مذہبِ حق کی بقا اور اس کی ترقّی و اشاعت کا راز بھی اسی میں نظر آتا ہے۔ اس بہترین عبادت الٰہی کی انجام دہی کے لئے گذشتہ سال کی طرح امسال بھی گرین آئی لینڈ فاؤنڈیشن اسکول کے جماعت دہم کے طلبہ و طالبات نے اسکول میں مجلس کا اہتمام کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ اس سال جماعت نہم کے طلبہ نے بھی شہزادی فاطمہ الزہرا علیہاالسلام کو شہدائے کربلا علیہم السلام کا پرسہ دینے کے لیے بوائز کیمپس میں مجلسِ عزا کا انعقاد کیا۔ ان مجالس سے بالترتیب محترم آغا مجتبیٰ حسن جیوانی اور آغا قمر علی لیلانی نے خطاب کیا، جب کہ گرلز کیمپس میں محترمہ شمع انجم صاحبہ نے خطاب کیا۔ بعداز مجلسِ عزا نیاز کا اہتمام بھی کیا گیا۔













# جشنِ عیدِ زہراؑ و ولادتِ رسولِ خداﷺ و امام جعفرِ صادقؑ و امام حسن عسکریؑ

اہلِ بیتؑ کے ماننے والوں کا یہ شیوہ رہا ہے کہ وہ معصومینؑ کے غم میں غمگین ہوتے ہیں اور اہلِ بیتؑ کا گھرانہ جب خوشی و مسرت کا پیغام دیتا ہے تو اس آواز پر لبیک کہتے ہوئے خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔ اسی روش کو برقرار رکھتے ہوئے امسال بھی گرین آئی لینڈ فاؤنڈیشن اسکول کے تینوں کیمپسز میں عید زہراؑ، ولادت خاتم النبیینﷺ و امام جعفر صادقؑ اور ولادت امام حسن عسکریؑ کے مواقع پر جشن کی تقاریب کا اہتمام کیا گیا۔ ان محافل میں طلبہ نے نہایت جوش و خروش سے حصہ لیا اور خوبصورت و دل آویز انداز میں منقبت کے نذرانے پیش کرکے حاضرین محفل کو محظوظ کیا۔ اس موقع پر اساتذہ کرام نے سیرت معصومینؑ پر روشنی ڈالتے ہوئے واضح کیا کہ ہم ان کی پیروی کرکے اپنے کردار و عمل کو بہتر بنا سکتے ہیں اور یہی عمل ہماری دنیا و آخرت میں شفاعت کا ضامن ہوگا۔
















# PARAMOUNT BOOK FAIR





Our students were completely captivated by the idea of visiting the Paramount Bookstore. Children of all age groups got an equal opportunity to visit, skim and scan through the books of their personal choice. Their teachers and subject experts accompanied them to make sure that each book was peculiarly scrolled through to meet the GIFS criteria of academic excellence and was free of irrelevant content, illustration or language proficiencies by any means. These books were exploratory, provoked observation and clarified concepts of science and social skills. Alhamdu Lil..., it was so good that students weren't ready to return. We look forward to many more literary trips in future, Insha Al...





















## PARENT TEACHER MEETING (PTM)

PTM at GIFS is a great way to interact between the parents and the teachers as it helps us understand our child better. This is a great way to guide parents about the strengths and weaknesses of a child as well as acknowledge his/her academic and co-curricular achievements.

PTM was conducted on Saturday, 21st September, 2019, for every student's parents from ECD I to class X. Overall 82% Parents attended PTM in all 3 campuses. We design this meeting specially a month earlier than the Mid-term Examination with the results of Monthly Tests to provide closely monitored specific help and support required for improvement in academics.











## IQBAL DAY CELEBRATIONS

Allama Muhammad Iqbal is the national poet of Pakistan and is rightly called the 'Poet of the East'. His poetry, originally in Persian and Urdu, is outstanding and gives us many new ideas about life. It was his convincing thought that the Muslims of South Asia were able to get independence from the British as well as from Hindus.

On 9th November, 2019 i.e. his 142nd birthday, assembly presentations were held at all three campuses to pay tribute to this great national hero. Students, in groups, presenting certain characters, not only delivered his achievements but also read extracts from his poetry. Presentations were prepared both in Urdu and English languages in which charts were also used to present it effectively.





# MIDTERM EXAMINATION

The assessments are conducted on the bases of day to day performance of our students as well as the end of term assessment, where they are vigilantly examined over different subjects. Every subject expert makes sure that they have taught the examination topics and possible concepts before the papers are designed. The designed papers then go to subject leads, coordinators and finally the management, making sure we deliver the best to our child.

Midterm examination plays the role of rehearsal or practice match, few months earlier the promotional examination. For the session 2019-2020 it was conducted from Wednesday, 23rd October to Thursday, 31st October from class ECD IV – class X. The result was declared on Friday, 15th November, 2019. Observation based grade results were also given for the students of ECD I - ECD III.

# HUSSAINI FOUNDATION, KARBALA MANZAR

A memorable walk through was conducted by Hussaini Foundation along with instructor who guided students about the historical facts & figures of Karbala, where students learnt the history of Karbala in a well-versed display. There were small set ups of the final imprisonment. This was an eye opener to many, and students shed tears as they were spiritually touched by the concept of soliciting information on a spread of land. Our girls recited Nohas in groups. Our boys not only recited complete majlis but also proceeded a juloos there.













# BOARD OF SECONDARY EDUCATION KARACHI (BSEK)

We are delighted to share the result of our students. Surely it is the most exciting day of the academic year, the day on which the heart beat of students gets faster. They are happy, sad, disappointed, feel afraid of, get excited and check their result with shaky legs because it is a day on which they are judged and awarded according to their performance in exam.

Alhamdu Lil..., for the 5th consecutive time, 100% astonishing result was achieved by students of Green Island Foundation School in SSC-I. Every student was congratulated and appreciated, and was presented his/her marksheet in a especial assembly of Jashan-e-Eid-e-Zehra (s.a.) by Agha Ghulam Raza Roohani and VPs of all 3 campuses. A1 grade students were given branded Parker Pens as token of appreciation. Special surprise gifts and flowers were presented by the SSC-I result achieving girls to their teachers as a tribute and token of thanks.


We are very proud of all our students and wish them the very best with their future academic careers and endeavours.
















# TABLE TENNIS

Table Tennis is an important sport. It does not only help us in spending our leisure time positively, but also has great health benefits. At GIFS, we always give importance to physical activities and sports training. GIFS table tennis team has participated in several local and national tournaments, and has turned out to be successful in many of them.

In the previous academic year, we had not only won the Inter-school Karachi Board Tournament, but also finished being runners-up in All Pakistan Inter-Board Tournament held in Multan.

This year also, by the Grace of Almighty (swt), we won the Karachi Inter-school Tournament by white washing the opponents. Our students M. Hassan from class X and Aqeel Abbas, Jawad Mohsin and Hassan Raza from class IX played very well and easily won all the sets either by 3-0 or 3-1.

This year too, we have been honoured with representing the Karachi Board in the Inter-Board Tournament, to be held in January, in Islamabad. Let's hope and pray that this time, we will be the National Champions!















## GIFS THE WINNER OF "BEST SPACE ENTHUSIASTS" BY SUPARCO

Space Education and Awareness Directorate SUPARCO celebrated world space week 2019 at PAF-Museum. Green Island Foundation School has been announced as the winner of "Best Space Enthusiasts" of World Space Week 2019 among hundreds of participating schools from all over Pakistan. Our students presented impressive projects in both Inter-school competitions.



**Model Making Competition:**
**Theme:** Moon, gateway to stars.
**Participants:**
Jawad Mohsin IX A,
Mohammad Zain IX A
**Teacher Incharge:**
Mr. Yasir Bablani



**Water Rocket Designing and Shooting**
**Participants:**
S.M Mesum Rizvi (IX-A),
Hassan Raza (IX-A),
M. Murtaza Roohani (VIII-A)
**Teacher Incharge:**
Mr. Shabbar Hussain

## INTERNATIONAL KANGAROO SCIENCE CONTEST (IKSC)

- Result distributed to our students in especial assembly on: 7th November, 2019
- Boys Achievements:
  - 3 Star Badge Winner: 1 Student
  - 2 Star Badge Winners: 4 Students
  - 1 Star Badge Winners: 15 Students
  - Special Ballpoint Pen Winners: 7 Students
- Girls Achievements :
  - Bronze Medalist: Ruqayya Fatima (ECD V-C)
  - Bronze Medalist: S. Sakina Rubab (IV-C)
  - 2 Star Badge Winners: 14 Students
  - 1 Star Badge Winners: 8 Students
  - Special Ballpoint Pen Winners: 7 Students
- ECD Achievements:
  - Bronze Medalist: Ayman (ECD IV-C)

## NATIONAL INTER-SCHOOL ART & CREATIVE WRITING CONTEST BY HRCA

HRCA organized Inter-school Art & Creative Writing Competition on all Pakistan level on the theme of forest. The achievements of our students were acknowledged in especial assembly on 7th of November, 2019.

- Creative Writing and Art Achievements
  - Participants: 6 Students
  - Silver Medalist: Shan-e-Fatima (ECD IV-C)
- Creative Writing Achievements:
  - Participants: 5 Students
  - Bronze Medalist: Ali Asghar (ECD V-A)
- Arts Achievements:
  - Participants: 7 Students
  - Bronze Medalist: Syed Mohammad Mushabbar (ECD V-A)









## INTER-SCHOOL 15TH DAWN IN EDUCATION SPELLING BEE CONTEST

As per set practice of multiple years, GIFS got registered in all 3 categories for boys and girls, separately, in spelling bee contest, to provide a strong forum of interaction. This year also, our students participated in 15th Dawn Spelling Bee Competition held during 6th-8th November, 2019 with complete enthusiasm. The school bore the responsibility to take the participant, to the Arts Council Karachi. It was a great learning experience for students to learn vocabulary and infer meanings of numerous words.







## INTER-SCHOOL SPEECH & NAAT COMPETITION BY GHULAMAN-E-ABBAS SCHOOL

As per pervious practices, this Rabi-ul-Awwal too, two students of GIFS participated in Inter-school Competition, organized by Ghulaman-e-Abbas School. Hassan Raza of class IX delivered a speech on "Rasool (s.a.w.w.) kay ikhlaq"; he was greatly appreciated by the audience. On the other hand, Aqeel Abbas of class IX secured 2nd position for reciting the Naat of Meer Anis "Aisi izzat ap ne…".

## INTER-SCHOOL "MEHFIL-E-UNS BA QURAN" COMPETITION BY FATIMIYAH EDUCATION NETWORK

Quran department at FEN organized Mehfil-e-Uns Ba Quran in the month of Rabi-ul-Awwal, 1441 Hijri. Ten girls of class IV and V participated in the competition of "Asma-ul-Husna". Six girls of class V and VI recited few verses of Surah-e-Dahr in "Group Presentation". Our boys of class V and VI recited Azan-o-Aqamat and Surah-e-At-Tin.


**Participants**

**Girls**

Ummul Baneen, Taskeen Fatima, Muskan Zehra, Fatima Zeeshan, Laiba Batool, Muhaddisa Batool, Kisa Zehra, Insia Fatima, Noor Fatima, Kisa Fatima, Nehaj Zehra, Sakina Fatima, Maryam Fatima, Muhaddisa Fatima, Muniza Fatima, Arooba Batool.

**Boys**

S.M. Haider Rizvi, M. Hadi Raza








محمد علی فاطمة الحسن الحسین السجاد الباقر

الصادق الکاظم الرضا الجواد الهادی العسکری المهدی

# 14TH ANNUAL PROGRAMME

This year the GIFS family celebrated the 14th Annual Function and the birthdays of Holy Prophet Muhammad Mustafa (s.a.w.w.) and Imam Ja'far-e-Sadiq (a.s.) with a great zeal on Sunday, 1st December, 2019 at Rangoonwala Hall. As per tradition, girls and boys programmes were organized separately, at 9:30 am and 2:30 pm respectively.

Alhamdu Lil..., it's the successful completion of 15 operational years of GIFS under the supervision of the legendary leaders and Trustees, Agha Ghulam Raza Roohani and Agha Syed Musa Raza Naqvi, who have been providing services to the most diversified knowledge institutions of the town today.

As per set customs of every GIFS Annual Programme, both girls and boys programmes were very well in time and every single registered student came on stage & performed enthusiastically.









FOUN


OUNDATIO


FOUNDA




MUSLIM
FOUND


FOUN


ISLAND
FOU


STOP
FOUND










# 4TH CONVOCATION

The Convocation at the GIFS is the most awaited event of the year, where our sincere efforts and hard work are showcased by the dedication and endeavour, portrayed in the students performance. Indeed, we take pledge to produce some of the finest students' educational standards. In the 4th convocation, it was eminent from our students Aiman Zehra & Syeda Malaika both secured 86.82%, and Shayan Abbas who secured 83.88%, which


















makes them the most outstanding achievers of the year. To top up the list, 9 girls and 3 boys raised our heads high with their extravagance as they won the Wilayat Hussain AVD Memorial Shields by securing A1 grade. Muhammad Ibad was given a special certificate and gift on securing 100% marks in Computer Studies in the Board Examination. In green gowns and graduation caps, each of them received the specially designed Golden Seal Certificate from the senior management on the stage. Students and their parents were delighted when the children received the certificate in front of hundreds of guests.





















# ADMISSIONS SESSION 2020-2021

Admission Policy for the session 2020-21 was announced by Agha Ghulam Raza Roohani in the 14th Annual Programme. A circular was issued to every student, banners were displayed outside all campuses and various areas of the city, whereas messages were broadcasted on different groups. Issuance of forms started from 7th December, 2019. Masha Al..., we received a massive response from parents. More than 200 admission forms/request forms were issued for a maximum of 80 available seats. Candidates applied for the announced classes were observed and assessed. Parents of shortlisted candidates were interviewed for admission intake. Merit is the key criteria for the selection on limited seats. Siblings of existing students are also given priority as it depicts the extension of parents' trust on their very own GIFS.














# FULL DAY ART ACTIVITY

19th December was the last day of extended hours (2 pm till 4 pm) of the year 2019 when, in place of usual academic activities, the management decided to make it more memorable with lots of colours, for our secondary boys.

The theme was 'The New Year 2020'. Everyone was happy because it was unprecedented and unique. All the students happily participated in the activity, whether in group or individually. Every group was provided with the necessary stationery like charts, papers, pencils, poster colours etc. Even teachers took part in it. They not only helped the students in their work, but also painted to express their creativity.

We could see unique ideas and distinctive thoughts. In the front ground of the boys campus, everywhere, there were vibrant colours, lively voices, shared ideas, collective imaginations and innovations. Students used their ideas freely and had their own way of bringing their imagination to life with a number of other material, besides usual colours. Live commentary on mic, by our respected teachers added colour to the event. Our school became an art gallery of young, creative artists, beyond imagination. Long live GIFS!





# BLUE DAY









Blue Day was celebrated at ECD Campus for the students of ECD I on 15th November, 2019 along with the Wiladat Celebration of Hazrat Muhammad Mustafa (s.a.w.w.) and Imam Ja'far-e-Sadiq (a.s.). It was a fun-filled day for the students. The significance of the colours was reiterated as all the students were dressed in shades of blue. Children brought different objects such as toys, decorative items and stationery for a 'Show and Tell' activity. Students were involved in different activities throughout the week such as Raindrop Colouring, Aquarium Making, Decorating the Shark's Crown, Collage Work, Magic Painting, Colour Mixing with blue colour to make a new colour, Fishing game, etc. Children also cut the blue topping pineapple cake for the birthday celebrations of Masoomeen (a.s.). Everybody was delighted to attend such an enjoyable event.







# ORANGE DAY

Colours are the smiles of nature, so is the colour Orange. Orange is a dynamic colour that stimulates imagination and creativity. On 20th December, 2019, Orange Colour Day was celebrated at ECD campus for the students of ECD I with great zeal and zest. The classrooms were beautifully decorated with orange coloured objects, activity sheets and balloons. Our little Seedlings and Saplings were dressed in shades of vibrant orange colour, shining bright. The children did many classroom activities throughout the week using the colour orange as a theme, like painting on a paper plate to make a nodal of orange, making and eating of orange jelly. They also had an orange party where they peeled, ate, squeezed and drank orange juice, did abstract art, decorated orange mittens and cap, played with orange boats and balloons etc. It was a fun-filled day for the students.













# نونہال ادیب

## میں نے روٹی بنائی

مجھے کھانا پکانے کا بہت شوق ہے۔ایک دن میں نے امّی سے کہا کہ امّی مجھے بھی کھانا پکانا سکھائیں۔ امّی نے مجھے روٹی بنانا سکھائی۔ کبھی میں بیلتی صحیح نہیں تھی، کبھی آٹا صحیح نہیں گوندھتی تھی اور کبھی روٹی جلا دیتی تھی۔ میں نے بہت کوشش کی کہ روٹی صحیح طریقے سے بناؤں مگر مجھ سے روٹی صحیح نہیں بنتی تھی۔ میں نے ہار نہیں مانی کیونکہ نور کبھی ہار نہیں مانتی۔ جب بھی امّی آٹا گوندھتی تھیں تو میں آٹا لے کر بیلنے کی کوشش کرتی رہتی تھی اور کبھی چولہا جلا کر روٹی کو سینکتی تھی۔ کبھی اچھی روٹی بنتی تھی تو کبھی خراب ہو جاتی تھی اب میں روٹی بنانا سیکھ گئی ہوں۔ اب میں امّی سے اور بھی چیزیں تیار کرنا سیکھ رہی ہوں۔

نور۔ جماعت: ششم

## سفر اربعین

لے کر ابو تراب ؑ سے اذنِ سفر پڑھا
چوکھٹ پہ اپنے مولاؑ کی سجدے میں گر گیا
نکلا حرم سے جب تو میں دنیا سے آگے تھا
پہلا قدم ہی سرحدِ وسدرہ سے آگے تھا!

۱۶ صفر کو ہم نے سفر اربعین کا آغار کیا۔ نجف اشرف سے پیادہ پا ہم ارضِ کربلا کی طرف بڑھے۔ چلتے چلتے یہی خیال رہا کہ شبِ اربعین کربلا پہنچ جانا ہے۔ اسی عزم کو لیے تیز قدم بڑھاتے گئے۔ راستے میں جو کچھ دیکھا اس کا کیا ہی بیان ہو۔ نہ غذا اور پانی کی پرواہ، نہ سونے کی فکر، ان سب فکروں سے آزاد جانبِ منزل رواں دواں تھے۔ مسلسل تین شب و روز پیدل چلتے رہے۔ دورانِ سفر کبھی اپنے والدین سے جدا ہو جاتے تھے لیکن کبھی کھو جانے کا خوف نہیں ہوا۔ میں نے آدھے سے زیادہ سفر اپنی والدہ کے ساتھ طے کیا۔ جیسے ہی سرحدِ کربلا میں داخل ہوئے دل اور بے چین ہونے لگا کہ جلد از جلد روضے پر پہنچ جاؤں پھر نہ پاؤں کے درد نے بھٹکایا نہ رات کو سخت ٹھنڈے موسم نے کمزور کیا۔ بس چلتے چلتے جیسے ہی پل پر پہنچے تو آنکھوں نے ایسا حسین نظارہ دیکھا کہ دل کہہ اٹھا

ہم پل پہ چل رہے تھے کہ یکسر دکھائی دی
عباسؑ اور حسینؑ کے روضوں کی روشنی
کس سے انھیں ملاؤں کہ بس لاجواب تھے
روضے وہ کب تھے رات کے دو آفتاب تھے

اور پھر زندگی میں وہ ساعت بھی آئی کہ جب ہمارے اور روضۂ جنابِ ابوالفضلؑ کے درمیان چند قدم کا فاصلہ تھا۔ ہم نے خدمتِ قمر بنی ہاشمؑ اور سلطان کربلاؑ میں سلام پیش کیا۔ اس لمحے دل نے چاہا کہ بارگاہ ایزدی میں سجدہ ریز ہو جاؤں کہ اسی نے ان آنکھوں کو مقدس مقام کی زیارت کروائی کہ جس کو دیکھنے کے بعد اب جنت کی بھی آرزو نہیں۔

ندا۔ جماعت: دہم

## بال کا حال

آپ نے اکثر دیکھا ہو گا کہ چھوٹے بچّے بال کٹوانے سے گھبراتے ہیں اور نائی کی دکان پر جا کر بہت روتے ہیں۔ میرے بچپن کا ایک واقعہ بھی کچھ اسی طرح ہے۔ ایک دن میرے ابّو بہلا پھسلا کر مجھے نائی کی دکان تک لے گئے۔ لیکن میں نے بھی فیصلہ کر لیا تھا کہ چاہے کچھ بھی ہو جائے میں بال ہرگز نہیں کاٹنے دوں گا۔ میں نے دیکھا کہ دکان میں کافی لوگ موجود تھے اور یہ اچھا موقع دیکھ کر میں نے رونا شروع کر دیا۔ لوگ میرے رونے کی وجہ سے بہت پریشان ہو رہے تھے اور میں ضد پر اڑا ہوا تھا کہ بال ہر گز نہیں کاٹنے دوں گا بلکہ ٹارزن کی طرح بڑھاؤں گا۔ آخر ابّو نے نائی کو کچھ اشارہ کیا اور بولے ”چلو بھئی تم اس کے بال ٹارزن کی طرح بڑے کردو“ نائی تو سمجھ گیا لیکن میں نے باتوں میں آکر خوشی خوشی بال کٹوالئے۔ گھر آکر جب میں نے اپنی الماری پر لگی ہوئی ٹارزن کی تصویر دیکھی تو مجھے پتہ چلا کہ میرے بال چھوٹے ہو چکے تھے جبکہ ٹارزن کے بال لمبے تھے۔ اب میری سمجھ میں آیا کہ دکان میں ابو کے اشارے کا مطلب کیا تھا۔ میرا دل تو رونے کو بہت چاہا لیکن مجھے پتہ تھا کہ اب رونے کا کوئی فائدہ نہیں۔ پھر میں نے اچھے بچوں کی طرح ابّو سے اس زیادتی کی وجہ پوچھی تو انھوں نے کہا ”ٹارزن بڑا ہوتا ہے اس لئے اُس کے بڑے بال ہوتے ہیں اور تم ابھی چھوٹے ہو تو تمھارے بال چھوٹے ہی اچّھے ہیں“۔ پھر اُس دن سے میں اپنے بڑے ہونے کا انتظار کرنے لگا۔

دعا زہرا۔ جماعت: پنجم۔ج

## رشتوں کی اہمیت

اللہ نے کئی رشتے بنائے ہیں۔ ان میں سے کچھ بہت اہم ہیں مثلاً امّی، ابّو، بہن، بھائی۔ یہ رشتے اللہ نے پہلے سے بنائے ہوئے ہیں اور کچھ رشتے ہوتے ہیں جو ہم خود بناتے ہیں مثلاً دوستی کا رشتہ۔ یہ رشتے بہت جلد ٹوٹ سکتے ہیں لیکن جو رشتے اللہ نے بنائے ہوتے ہیں وہ رشتے کبھی نہیں ٹوٹتے۔ وہ خونی رشتے ہوتے ہیں۔ اگر ہم کبھی کسی پریشانی میں مبتلا ہونگے یہ رشتے آگے آکر ہماری مدد کریں گے ۔ اس لیئے ہمیں رشتوں کی اہمیت سمجھنی چاہیئے اور ان کی قدر کرنی چاہیئے۔

لائبہ۔ جماعت: چہارم

## وہ منظر شفق کا

ایک دن مغرب سے کچھ پہلے میں اپنی نانی کے گھر سے واپس آرہی تھی۔ میری نظر آسمان پر پڑی تو دیکھا کہ نارنجی، بنفشی، لال، پیلا، نیلا بہت سے رنگ جھلک رہے تھے۔ میرا دل چاہ رہا تھا کہ بس یہ منظر دیکھتی رہوں۔ یہ شفق خدا کی قدرت کو ظاہر کرتی ہے۔

نور زہرا۔ جماعت: ششم

# نونہال ادیب

## لطائف

ایک شکاری نے دوسرے شکاری سے پوچھا کہ "کیا تم نے اس جنگل میں کسی ہرن کو دیکھا ہے؟"

دوسرے شکاری نے کہا: "ہاں دیکھا ہے۔"

پہلے شکاری نے کہا: "کب دیکھا ہے؟"

دوسرے شکاری نے جواب دیا: "کم سے کم دس سال ہو گئے۔"

---

ایک بچہ گلی میں کھیل رہا تھا۔ سامنے والے گھر سے ایک کتا نکلا اور اس کے پاؤں چاٹنے لگا۔ بچہ روتے ہوئے گھر آیا۔

ماں نے پوچھا: "روکیوں رہے ہو؟ کہیں پڑوسی کے کتے نے کاٹا تو نہیں؟"

بچہ بولا: "نہیں نہیں، ابھی تو چکھ کر گیا ہے، دوسری بار کاٹے گا۔"

دعا زہرا۔ جماعت: پنجم، ج

---

ایک دوست نے اپنے دوست کو موبائل پر پیغام لکھا: "اگر تم ذہین ہو تو مجھے دوسو روپے کا بیلنس بھیج دو اور اگر ہوشیار ہو تو تین سو کا بیلنس بھیج دو۔"

دوست نے پانچ سوکا بیلنس بھیج دیااور پیغام دیا: "میں ذہین بھی ہوں اور ہوشیار بھی!"

---

باپ: "بازار تک پیدل جاؤ گے یا بس میں جاؤ گے؟"

بیٹا: "آپ کی مرضی جس میں مجھی لے جائیں میں تو آپ کی گود میں جاؤں گا۔"

---

پہلا چوہا: "وہ دیکھو شیر آرہا ہے۔"

دوسرا چوہا: "اس میں ڈرنے کی کیا بات ہے ہم دونوں گیارہ کے برابر ہیں اور وہ اکیلا۔"

پہلا چوہا: "وہ کیسے ہم تو دو ہیں۔"

دوسرا چوہا: "تم نے سُنا نہیں کہ ایک اور ایک گیارہ ہوتے ہیں۔"

معراج۔ جماعت: پنجم۔ ج

## بوجھو تو جانیں

جب کریں منہ اس کا کالا، کام بنائے سب سے اعلیٰ۔

وہ کونسی چیز ہے جو دھوپ میں نہیں سوکھتی؟

وہ کونسی چیز ہے جو ایک اندھا بھی دیکھ سکتا ہے؟

مٹی سے نکلی گوری، سر پر ہے پتّوں کی بوری۔

قلم، پسینہ، اندھیرا، مولی

## کیا واقعی یہ کتابوں کی آخری صدی ہے؟

جدید دنیا میں جب سے انٹرنیٹ عام ہوا ہے تب سے کتابوں کی اہمیت کم ہوتی جا رہی ہے۔ ان حالات سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ کتابوں کی آخری صدی ہے۔ آج کل ہم جس بھی ادارے میں چلے جائیں ہمیں یہی نظر آتا ہے کہ ہر کام انٹرنیٹ کے ذریعہ سے ہو رہا ہے۔ کتابیں پائی تو جاتی ہیں لیکن اس لیے کہ وہ نصابی کتابیں ہیں ورنہ بچّے بھی کتابیں پڑھنا پسند نہیں کرتے۔

آج کل تو ہر دوسرے بچے کے ہاتھ میں موبائل ہے، جس میں وہ انٹرنیٹ چلا رہے ہوتے ہیں، اور اپنا فارغ وقت گزار رہے ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ بہت کم ہیں جو کتابوں کو اپنا دوست سمجھتے ہیں۔ پہلے کے دور میں لوگوں کے گھروں میں کتب خانہ بنا ہوا ہوتا تھا جس میں ان کے مزاج کے مطابق کتابیں پائیں جاتیں تھیں۔ لیکن اس دور میں تو سوشل میڈیا بہت عام ہو گیا ہے۔ بچے اور نوجوان اپنا سارا وقت سوشل میڈیا پر گزارتے ہیں اور اپنی ایک ایک پل کی تصاویر اس پر اپلوڈ کرتے ہیں۔ ان سب میں ہمیں کتابیں نہیں نظر آتیں جو یہ ثابت کرتا ہے کہ یہ کتابوں کی آخری صدی ہے۔

اگر ہمیں حالات بہتر بنانے ہیں تو ہمیں اپنی زندگی میں کتابوں کو واپس لانا ہو گا۔ ہمیں اپنے بچوں اور نوجوانوں کو کتابوں کی طرف راغب کرنا ہو گا۔ اپنے گھروں میں کتب خانہ بنائیں جس میں ہر طرح کی کتابیں ہوں۔ اس طرح ہم کتابوں کی اہمیت کو برقرار رکھ پائیں گے۔ ورنہ انٹرنیٹ کے ہوتے ہوئے کتابوں کا نام و نشان بھی باقی نہیں رہے گا اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم اس شعر کی عملی تفسیر بن جائیں۔

کاغذ کی یہ مہک، یہ نشہ روٹھنے کو ہے<br>
یہ آخری صدی ہے کتابوں سے عشق کی

ارتضیٰ۔ جماعت: ہشتم

## کردار نگاری (ماں)

مجھے اپنی زندگی میں کوئی ایسا انسان نہیں ملا جس میں محبت، نرمی، سختی ذمّہ داری، دوستی، رہنمائی یہ سب خصوصیات پائی جاتی ہوں، سوائے میری امّی کے۔ یقیناً ماں ہی وہ ہستی ہے جو اللہ تعالیٰ کے بعد ہمارا خیال رکھتی ہے۔ میری امّی مجھے بہت پیاری لگتی ہیں۔ میری امّی سادہ، خوش اخلاق اور مہمان نواز ہیں۔ ان کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ گھر سے کوئی کھائے بغیر نہ جائے چاہے موسی پھل ہی کیوں نہ ہو۔ اپنی صحت سے زیادہ وہ میری صحت کا خیال رکھتی ہیں۔ میری امّی ہر وقت کام کرتی رہتی ہیں اور کبھی تھکتی بھی نہیں ہیں۔ نماز، قرآن، روزہ ان کے پسندیدہ ترین اعمال میں سے ہیں۔ غرض کہ ان جیسا بے لوث کسی کو نہیں پایا۔ میری امّی سب سے اچھی ہیں۔

داستان میرے لاڈ پیار کی<br>
اک ہستی کے گرد گھومتی ہے

پیار جنت سے اس لئے ہے مجھے<br>
کہ میری ماں کے قدم چومتی ہے

فضّہ نقوی۔ جماعت: ہفتم۔ ج

# نونہال ادیب

## درخت کی آپ بیتی

میں ایک درخت ہوں اور زیادہ تر جنگل میں پایا جاتا ہوں۔ درخت ہونے کے ناطے میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ میں کم از کم لوگوں کو فائدہ تو پہنچاتا ہوں۔ بڑے بڑے جانور تو یہ بھی نہیں کرتے۔ میں اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھ میں اتنی خصوصیات ڈال دی ہیں کہ میں ان سے لوگوں کو فائدہ پہنچاؤں۔ مجھے بچوں سے سب سے زیادہ محبت ہے کیونکہ وہ میرا بہت خیال رکھتے ہیں۔

جب وہ بچے بڑے ہوجاتے ہیں تو مجھے بھول جاتے ہیں اور اپنے کام میں مگن ہوجاتے ہیں۔ مجھے بہت برا لگتا ہے کہ وہی بچے جو میرے ساتھ کھیلتے تھے اب ان کو میں یاد بھی نہیں آتا ہوں۔ مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ کوئی مجھے کاٹے۔ جو مجھے کاٹتے ہیں ان کو میرے فوائد کا خیال نہیں آتا۔ میرے کئی فوائد ہیں جن میں سے چند یہ ہیں۔ میری مدد سے بہت سی مصنوعات بنائی جاتی ہیں، مجھ سے رسیلے اور میٹھے پھل حاصل ہوتے ہیں، میری مدد سے آکسیجن حاصل ہوتی ہے، میں ہوا کو صاف کرتا ہوں۔ میں سیلاب روکنے میں مدد کرتا ہوں اور میرے پتوں سے دوائیاں بھی بنتی ہیں۔ مجھے کاٹ دینے کی وجہ سے یہ سارے فوائد ان تک نہیں پہنچتے اور اس کے ساتھ ہی وہ پرندوں کا گھونسلہ بھی تباہ کردیتے ہیں۔ بس میری وجہ سے ایک ہی مسئلہ ہے کہ میں جگہ گھیرتا ہوں، جس کی وجہ سے لوگ مجھے کاٹ دیتے ہیں۔ ان لوگوں کو میری جگہ پر شاندار عمارت بنانی ہوتی ہے۔ میری آرزو ہے کہ میرا خیال رکھا جائے اور مجھے نہ کاٹا جائے، تاکہ لوگ میرے سائے سے لطف اندوز ہوسکیں۔

محمد عباس شیر۔ جماعت: ہفتم

## گرین آئی لینڈ فاؤنڈیشن اسکول

گرین آئی لینڈ فاؤنڈیشن اسکول ہمارا فخر
سکھاتا ہے ہمیں اچھے بُرے کی تمیز

کرتا ہے بچوں کی تربیت بھرپور
اور کہتا ہے ہمیں نہ بنو بد تمیز

سکھاتا ہے مجلس و ماتم کا ادب
یہ سب کر کے بنتے ہیں ہم با ادب

علی نقی۔ جماعت: چہارم۔ الف

## میرا ایران کا سفر نامہ

سردیوں کا موسم تھا اور اتوار کا دن تھا۔ میرے ابو سو کر اٹھے تو ان کی آنکھوں میں آنسو تھے۔ وہ بہت اُداس لگ رہے تھے۔ میں نے پوچھا "ابو جان کیا ہوا" تو انہوں نے بتایا کہ "رات میں نے بہت عجیب سا خواب دیکھا میں نے دیکھا کہ میرے مولاؑ مجھے بہت یاد کر رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ تم ہمیں بھول گئے کیا؟ کیوں ہماری زیارت کے لیے نہیں آتے؟ کیا ہم تمھیں یاد نہیں آتے؟ کیا تم ہم سے محبت نہیں کرتے"؟

بس ابو نے مجھے بتایا تو میرا دل بھی بھر آیا۔ میں نے ابو سے کہا کہ آپ زیارت پر چلے جائیں۔ اب ابو نے زیارت پر جانے کا مکمل تہیہ کر لیا۔ ۱۷ ربیع الاول ہماری روانگی کی تاریخ طے پائی۔ میں بھی ان کے ساتھ جا رہا تھا اور بہت خوش تھا۔ ہماری پرواز صبح کی تھی۔ جب ہم ایران پہنچے تو وہاں شدید سردی تھی۔ ہم لوگ امام رضاؑ کے حرم گئے۔ وہاں بہت سکون تھا۔ وہاں بہت ساری زیارات ہیں۔ جیسے امام رضاؑ کی بہن بی بی معصومہؑ کی زیارت، خواجہ ابا صلت، اور بہت سے امام زادوں کی زیارت۔ ہم نے تمام زیارات کیں اور پھر ہم لوگ عراق کے لئے روانہ ہوگئے۔ کربلا معلیٰ پہنچ کر بہت سکون ملا۔ امام حسینؑ کے روضہ پر میرے ابو بہت روئے۔ ان کو دیکھ کر مجھے بھی رونا آرہا تھا۔ حرم مولا عباسؑ میں بہت رش تھا۔ بہت مشکل سے تھوڑی سی جگہ ملی جب ہم زیارت کرسکے۔ واپسی پر ہم اس مقدس سر زمین سے جدائی پر بہت اداس تھے۔

سائل عباس۔ جماعت: پنجم۔ ب

## بہترین استاد

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک جگہ ایک بچہ رہتا تھا جس کا نام احسن تھا۔ وہ روز اسکول جاتا تھا لیکن اُس کا یونیفارم، اس کے جوتے بہت گندے رہتے تھے۔ اس کی استانی روز اسے ڈانٹتی تھیں اور سزا دیتی تھیں لیکن احسن کسی سے کچھ نہ کہتا۔ احسن پڑھائی میں بھی بہت کمزور تھا۔ وہ اپنی پڑھائی پر بالکل توجہ نہیں دیتا تھا۔ اس کا ہوم ورک نا مکمل رہتا تھا۔ ایک دن وہ اسکول دیر سے پہنچا اور اُس کا یونیفارم بھی بہت گندا ہو رہا تھا۔ استانی کو غصّہ آیا انھوں نے احسن سے کہا کہ کل تم اپنی والدہ کو اسکول لے کر آنا میں ان سے بات کروں گی۔ اس نے جواب میں کہا "میری والدہ اسکول نہیں آسکتیں"۔ استانی نے حیرانی سے پوچھا "آخر کیوں نہیں آسکتیں وہ؟" تو احسن نے بہت معصومیت سے کہا "میری والدہ اللہ تعالیٰ کے پاس ہیں اور وہاں جانے کے بعد کوئی واپس نہیں آسکتا۔" احسن کے ان الفاظ نے استانی کو ہلا کر رکھ دیا اور وہ خاموش ہو گئیں۔ تب سے انھوں نے احسن پر اپنی ساری توجہ مامور کردی اور احسن امتحانوں میں کامیابی حاصل کرنے لگا۔ میٹرک کے بعد اس کے والد نے اُسے ہاسٹل پڑھنے بھیج دیا لیکن وہ پھر بھی اپنی استانی سے رابطے میں رہا وہ ان سے خطوط کے ذریعے رابطہ کرتا اور وہ اُس کی ہر طرح سے رہنمائی کرتیں۔ اس طرح احسن ایک دن اپنی محنت اور اپنی استانی کی کاوشوں سے ایک قابل ڈاکٹر بن گیا۔

یشعر عباس۔ جماعت: پنجم۔ الف

## My family

My family, my family.
I live with my family.

My family, my family.
I love my family.

My mother, my mother,
She takes care of us.

My father, my father,
He does hard work for us.

My grandma, my grandma,
She is a protector.

My grandpa, my grandpa,
He is a shelter.

My brother, my brother,
He plays with us.

My sister, my sister,
She loves us.

**Asghar abbas, Class: VI A**

## Story writing

Once upon a time there was a king named Ahmed who was very kind. He had a son named Imran. One day the king gave a gift to Imran. It was a golden coloured ball. Imran liked the ball and he played with Kamran, Ali, Zain, Salman and Muslim. One day when Imran was sleeping someone stole it. In the morning when Imran was finding the ball, there was no ball in his cupboard so he came to his father/king and said: "Father my golden ball is not in my cupboard." So the king sent some knight to search the ball. But the ball was not there. The king said, "Can anybody search my son's golden ball?" The intelligent minister said, "I can find the ball; can you please call all of Imran's friends?" When all friends came to the minister, he said, "I am giving you magical and equal sticks, who has stolen the ball his stick will be 1 inch big." When all friends came so minister took sticks one stick was short. It was stick of Zain. The minister said, "Zain is thief because his stick is small." Kind said, "How is it possible?" Minister replied, "Zain thought that he was a thief so his stick would be one inch bigger so he could cut 1 inch so it will be equal. The king punished him and thanked the minister.

**M. Haider, Class: VI A**

## Thank You GIFS

From the first day of school, I'm supported by the teachers to show my ability of reciting Manqabat, Naat and Nohas. I had a great interest in recitation so they give me the chance of reciting Manqabat at Annual Function when I was just 6 years old. Everyone appreciated me and after that my confidence built up. Then in all the events of GIFS, I participated and recited. All the teachers like my vocals and appreciate me. It is all because of GIFS that I am reciting on big platforms and I hope GIFS will have more students like me.

**M. Raza, Class: X A**

## Incident of APS School

A new day started. All students of Army Public School, Peshawar woke up as usual and went to the school. In school a function was going on, suddenly few terrorists climbed the wall of the school and started firing on students and teachers. Numerous students were martyred. The day of 16th December, 2014 was marked as black day in the history of Pakistan. From this attack people of Pakistan understand that our coward enemy was afraid of even the young children of our nation.

**Ali Asghar, Class X**

## My favorite sea creature

My favorite sea creature is a turtle. There are many types of turtles e.g. sea turtle, pond turtle etc. They are reptiles. Their bodies are covered with a hard shell. They live on land and in water both, they are vertebrates. They breath with lungs. They don't have legs. They come on land to lay eggs. They eat herbs. They are cold blooded animals. Their skin is hard and rough. Turtles have long lives. Small species like box turtle and terrapins live between 30 to 40 years. Larger species such as sea turtles live for about 80 years. We should take care of the turtles because they are rare species.

**S.M. Abbas, Class: IV A**

## Thrilling Water Rocket Competition

On 2nd October, 2019, we saw a video at school on "How to make water rocket", and were informed about its competition. After a tough competition 3 students namely: S.M. Mesum Rizvi (IX-A), Hassan Raza (IX-A) & M. Murtaza (VIII-A) were selected to prepare water rocket for SUPARCO. We were happy on selection but nervous that how would we present the water rocket in just 3 to 4 days. We tried our best, attended school on Saturday and completed our project by Sunday, 6th October, 2019. Now it was the time of submission. We reached PAF Museum and waited for our turn. We fired our rockets, but unfortunately it didn't reach the marked area. Although we didn't get any position but the vibrant experience of designing and flying the water rocket was full of amazing feelings and togetherness of efforts. We have learnt a lot and surely will perform much better next time. We are thankful to our school that provided us with such a thrilling opportunity.

**S.M. Mesum Rizvi, Class: IX A**
**Hassan Raza, Class: IX A**
**M. Murtaza Roohani, Class: VIII A**

## Parents

After Al... (swt), Prophet Mohammad (s.a.w.w.) and Aaima (a.s.), parents have a big status. Parents are gift of God. In our childhood our parents take care of us more than they take care of themselves. Many children do not have their parents but we have our parents. We should thank God that we have parents. Our parents have done hardwork for our studies. One of the verse of the Holy Quran implies that:

"We should not say "uff" to our parents."

It is a lesson that we should takecare of our parents because they give their lives for us and they take care of us. We should help them and should take care of them.

**Jawad Mohsin, Class: IX A**

## Friend

Friend is a blessing of God. A good friend makes a true friendship that lasts forever. Friend is a precious jewel that beautifies a person's soul. It is a friend who makes your life happy and smooth. His smile makes you forgetful of worries. A good friend leads you to the right path and his good habits are adopted by us. Friends are called keepers as they keep our secrets. They work, they play, they grow, they cry, they laugh together. Good friends change our lives towards positivity.

**Kausar Fatima, Class: VIII C**
**Zahra Fatima, Class: VIII C**

## Things we can do to help our mothers at home

Mothers are a precious gift of Al... (swt). We can do many things to help them at home. Today I'll share some of the things I do to help her out. I listen to her. I help her clean the table and put away the toys. I like to make tea for my family. I clean the mess, fold the clothes and help my mother in giving my little brother a shower. I do these things to make her happy as she works hard for all the family.

**Noor Fatima, Class: V D**

## Mr. Edhi

Mr. Edhi's full name was Abdul Sattar Edhi. He is one of the famous persons of Pakistan. He was famous because he used to run world's biggest free ambulance service. He was a simple man and from his appearance we can judge that he is very modest man. He never boasted of his popularity. He lived a simple life; he always wore grey kurta pajamas and a pair of glasses. He was kind and generous. he was trustworthy that's why, people gave him donation fearlessly. He is not among us since 8th July, 2016, but we still remember him due to his kindness, social services and good deeds.

**Muhammed Hadi, VII A**

## Ink Pen

I'm an ink pen,
First tell me do I live in a den?
My cost is rupees ten,
or you can say 7.50 Yen
I can be erased with a remover,
It works like an eraser.
14 cm is my height
Yes that is right!
I'm used by old and young,
Because I'm an ink pen.

**Fizza Naqvi, Class: VII C**

## Importance of Success

All men and women want success but only a few strive for it. They know that the secret of success comes by hard work and perseverance. A lazy person cannot succeed, similarly, a lazy student can hardly obtain good grades. If you are not prepared to take day to day challenges and work hard, you should not except good grades.

If you want success, you must value time. Lost time means lost opportunity. The punctuality of time leads to success and happiness. Life is too short to be wasted and there is so much to be done. All great people make the best use of time. For achieving success, it is necessary to know your ambitions and select the profession wisely.

**Narjis Fatima, Class: VIII D**

## Jokes

Q: If an elephant sat on a fence what time would it be?
A: Time to get a new fence.

---

Q: Why does the statue of liberty stand in Newyork?
A: Because it can't sit down.

---

Son: Mom, a mouse fell into the jug of milk.
Mom: Oh no! Then what did you do?
Son: I put a cat into the jug.

**Muhammad Hadi, Class VIII A**

## My experience of Spelling Bee Contest

One day my English teacher came to my class and asked if anyone wanted to participate in Spelling Bee Contest. I showed my interest and participated in the competition. All the participants were selected through a test. I was not very hopeful with my result as the spellings were very hard. After a week, the result was announced. I was so happy to be selected by the jury. The test was due on November 5th 2019 at the Arts Council Pakistan. The auditorium was exclusive. As soon as I entered the hall, the excitement shrilled my spine. It was a mixed feeling of excitement and fear. Though, we did not win but it was the best experience ever. I'm optimistic to get selected again next time Insha Al...

**Muniza Fatima, Class: VI C**

## A walk towards

The thought of sitting in examination hall is usually dreading for many students. Some find it quite exciting and for others it is a mental agony. I'm perplexed over the thought of entering in board examination hall. Previously, I have taken papers at my school with our teachers but this time the case will be a bit different, as we will be going to a different school, sitting with different students and interacting with different teachers. I'm not sure how it would be as I can't pen down my feelings about it. All I know is that I'm very excited and also a little worried. But I have an optimistic approach to achieve my goals. I want to request all my dear readers to pray for me and all the students who are appearing in BSEK Exams for the first time. Thank you.

**Shamyl Zehra, Class: IX D**

## Facts

1) A human body contains 0.02 mg of Gold.
2) Human eye is 576 MP, with unlimited data storage.
3) 20 mins meditation is equal to 2 hours of sleep.

**Shabbir Ali, Class: V A**

# STUDENTS' ART CORNER
























# STUDENTS' ART CORNER







